© rasailojaraid.com

محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی

# مسنون دعاؤں کی برکات

محترم قارئین! انسانی قسمتوں کے فیصلے تو عدالت خداوندی میں ہی ہوتے ہیں۔ کسی کو بھی اللہ تعالیٰ کا دروازہ کھٹکھٹائے بغیر چارہ نہیں مگر سوال یہ ہے کہ ایک مسلمان اپنے رب کے سامنے اس کی رحمت کے لیے جھولی پھیلائے تو کس انداز سے اس کے لبوں پر الفاظ آئیں تو کونسے۔ ظاہر ہے رحمت دوعالم ﷺ کے کلمات طیبہ سے افضل اور کون سے بول ہوں گے۔ تاجدارِ مدینہ فخر دوعالم ﷺ کی صدا سے بڑھ کر پاک اور کون سی پکار ہے۔ اسی خیال کے مدنظر راقم نے فخر موجودات ہادی عالم ﷺ کی دعائیں اور فرامین پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اللہ کریم شرفِ قبولیت سے نوازتے ہوئے ہم سب کو عمل صالح کی توفیق عطا فرمائیں، آمین۔

## ہر آفت سے نجات اور جنت میں داخلہ

قاضیٔ امت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جوشخص آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص اور معوّذتین ہر نماز کے بعد پڑھے گا اسے بہشت میں داخل ہونے سے سوائے موت کے کوئی چیز روکنے والی نہیں یعنی مرتے ہی بہشت میں داخل ہوجائے گا۔

فخر دوعالم ﷺ نے فرمایا کہ جوشخص یہ سورتیں صبح وشام تین تین بار پڑھے گا اسے ہر آفت سے نجات ملے گی۔ آیت الکرسی، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق، سورۃ الناس۔ (مشکوٰۃ)

## دافع پریشانی اور مشکلات

ہادی عالم ﷺ نے فرمایا کہ پریشانی اور مشکل کے وقت جوشخص آیت الکرسی اور سورۃ بقرہ کی آخری آیات پڑھ لیا کرے اللہ کریم اس کی حفاظت فرمائیں گے۔ (ترمذی)

آپ نے یہ بھی فرمایا جوشخص لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْـتَ سُبْـحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِیْن پڑھے گا اللہ کریم اس کی دعائیں قبول فرمائیں گے۔ (ترمذی)

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ غم اور مشکل کے وقت ( اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِهٖ شَیْئًا ) پڑھا کرو (ابوداؤد)

## دافع آفات کی دعا

ہادی عالم ﷺ فرماتے ہیں جوشخص (مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ) کو اپنا ورد بنالے وہ سوائے موت


© rasailojaraid.com